29 جون 2012ء

اسٹیٹ بینک نے مالی سال 13-2012ء
کے لیے گیارہ پرائمری ڈیلرز مقرر کر دیے

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے اگلے مالی سال (13-2012ء) کے لیے 11 پرائمری ڈیلرز کا تقرر کیا ہے جن میں جے ایس بینک لمیٹڈ، حبیب بینک لمیٹڈ، فیصل بینک لمیٹڈ، این آئی بی بینک لمیٹڈ، نیشنل بینک آف پاکستان، بینک الفلاح لمیٹڈ ، پاک عمان انویسٹمنٹ کمپنی لمیٹڈ، یونائیٹڈ بینک لمیٹڈ، سٹی بینک این اے (پاکستان میں موجود شاخیں)، ایم سی بی بینک لمیٹڈ اور اسٹینڈرڈ چارٹرڈ بینک (پاکستان) لمیٹڈ شامل ہیں۔

اسٹیٹ بینک کے ڈی ایم ایم ڈی سرکلر نمبر 10 بتاریخ 29 جون 2012ء کے مطابق مالی سال 13-2012ء کے لیے پرائمری ڈیلرز کے انتخاب کے لیے تمام بینکوں، سرمایہ کاری بینکوں، ترقیاتی مالی اداروں اور لسٹڈ بروکریج ہاؤسز سے درخواستیں طلب کی گئی تھیں اور ہر درخواست دہندہ کی کارکردگی کی جانچ کے بعد مذکورہ بالا ادارے حکومتی سیکورٹیز (پی آئی بیز اور ایم ٹی بیز) کے پرائمری ڈیلرز منتخب کیے گئے ہیں۔

سرکلر میں مزید کہا گیا ہے کہ مالی سال 12-2011ء کے دوران تین پرائمری ڈیلرز جے ایس بینک لمیٹڈ، حبیب بینک لمیٹڈ اور فیصل بینک لمیٹڈ کارکردگی کے لحاظ سے سرفہرست تھے۔

☆☆☆